11963 ـ خاوند سے مجامعت کے بعد ماہواری آ جائے تو غسل کب کیا جائیگا ؟

سوال

جب خاوند بیوی سے مجامعت کرے اور بعد میں ماہواری شروع ہو جائے تو کیا جماع کے بعد غسل کرنا ضروری ہے، یا کہ ماہواری ختم ہونے کے بعد ایك بار ہی غسل کیا جائیگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب خاوند بیوی سے مجامعت کرے اور بعد میں غسل سے قبل ہی ماہواری شروع ہو جائے تو ماہواری ختم ہونے سے قبل غسل نہیں کرےگی لیکن اگر وہ قرآن کی تلاوت کرنا چاہے تو اس کے لیے غسل جنابت کرنا ضروری ہے، کیونکہ اہل علم کے راجح قول کے مطابق جنبی شخص کے لیے قرآن مجید کی تلاوت کرنا جائز نہیں.

واللہ اعلم .